

واسقیناکم ماء فراتا
تفسیر فرات (اردو)
شیخ المحدثین علامہ
فرات بن ابراہیم کوفی
ترجمہ
ملک العلماء الحاج مولانا
محمد شریف صاحب
پیشکش
قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان علیہ السلام ملتان

حقوق الطبع محفوظة

نام کتاب ——— تفسیر فرات

مؤلف ——— شیخ المحدثین سرکار علامہ
فرات بن ابراہیم کوفی

مترجم ——— ملک العلماء الحاج مولانا
ملک محمد شریف صاحب
مرحوم شاہ رسولوی ملتان

پیشکش ——— تنظیم محبِ علی علیہ السلام
لندن انگلینڈ

ناشر ——— قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان
علیہ السلام ملتان

ھدیہ ——— -/175 روپے

اگست 2003ء

تنظیم انتظار مھدیؑ ملتان

کی تفسیر میں امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اولی الامر حکم نافذ کرنیوالے سے مراد آل محمدؐ ہیں، حکم صادر کرنیوالے صرف یہ ہیں،

رسول اللہ نے فرمایا اس آیت میں امر سے مراد اولیا، آل محمدؐ ہیں۔ اس بارے میں یہ آیت ہے۔

"اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ" مِنْ آلِ مُحَمَّدٍؐ۔ آل محمدؐ اولوالامر ہیں۔

ابو مریم کا بیان ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ کے بارے میں پوچھا یہ اطاعت ہم پر فرض ہے۔ فرمایا صرف رسول اللہ کی اطاعت فرض ہے، اس آیت کی روسے

مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ

جس شخص نے رسول اللہ کی اطاعت کی اس نے خدا کی اطاعت کی۔

رسول اللہ کی اطاعت کے اندر علی بن ابی طالب کی اطاعت داخل ہے،

امام جعفر صادقؑ ــــــ اے سفیان! تمہیں ہدایت کی پیروی کرنا چاہیئے۔

سفیانؒ ــــــ فرزند رسولؐ ہدایت کی پیروی کیا چیز ہے؟

امامؑ ــــــ کتاب خدا اور شخص کی اتباع۔

سفیانؒ ــــــ فرزند رسولؐ میں نہیں جانتا کہ یہ شخص کون ہے۔

امامؑ ــــــ اس کا مطلب یہ ہے کہ تم نے دنیا خریدی ہے اور آخرت فروخت کردی ہے۔ جس شخص نے آخرت پر دنیا کو ترجیح دی قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو اندھا محشور کرے گا۔

سفیانؒ ــــــ فرزند رسولؐ مجھے آگاہ فرمایئے کہ اس شخص سے کون مراد ہے۔ ممکن ہے اللہ تعالیٰ مجھے ہدایت دے۔